سوال

(19) توحید کی حقیقت پہچاننے کا طریقہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اعتقاد، کرداراور عمل کے اعتبارسے توحید کی حقیقت پہچاننے کا طریقہ کیا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

الحمدللہ یہ طریقہ بہت آسان ہے، مومن کو چاہئے کہ وہ اپنا خود محاسبہ کرے، اپنے آپ کو حق کا پابند بنائے، شریعت کے مطابق زندگی بسر کرنے والوں کو اپنا آئیڈیل بنائے، اللہ تعالی کی توحید پر ثابت قدم رہے، اس کے لئے اخلاص کا مظاہرہ کرے، اس کے لئے عمل کو اپنے اوپر لازم قرار دے، اس کی طرف دعوت دے حتی کہ توحید پر ثابت قدم ہوجائے اور توحید اس کی طبعیت میں رچ بس جائے تو اس کے بعد اسے کوئی ایسا شخص نقصان نہ پہنچاسکے گا جو اسے توحید سے دور ہٹانا یا اس میں خلل ڈالنا چاہے۔ اس سلسلہ میں اہم بات یہ ہے کہ انسان توحید کو اہمیت دے اور اس سلسلہ میں خود اپنا محاسبہ کرتا رہے اور اسے خوب اچھی طرح سے پہچان لے تاکہ شکوک وشبہات اسے راہ راست سے دور نہ لے جاسکیں۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

مقالات وفتاویٰ

ص169

محدث فتویٰ